4545-اسلام قبول کرنا چاہتی ہے لیکن اسلامک سینٹر میں صرف مرد ہیں

سوال

میں حقیقتا اسلام قبول کرنے کا سوچ رہی ہوں لیکن میرے شہر میں مسجد کے اندر صرف مسلمان مرد حضرات ہی ہیں ، توکیا میں وہاں جاکر اسلام قبول کرنے کا اعلان کروں ، یا کوئی اور بھی طریقہ ہوسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

ہم اس حقیقی سوچ پر آپ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ آپ اسلام قبول کرنے جارہی ہیں اوراس دین میں جوکہ دین حق اورعدل وانصاف کا دین ہے میں آنا چاہتی ہیں ۔

لگتا ہے کہ آپ انہیں میں سے ہیں جن کے بارہ میں اللہ تعالی خیر و بھلائی چاہتا ہے اورانہیں سعادت مند لوگوں میں لکھ رکھا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{اللہ تعالی جس کسی کو بھی ھدایت نصیب کرنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کردیتا ہے}. الانعام (125) ۔

دوم :

اسلامک سینٹر میں ہی قبول اسلام کا اعلان واجب اورضروری نہیں بلکہ صرف اتنا ہے کہ ہوسکتا ہے وہاں پرقبول اسلام کا اعلان کرنا کچھ رسمی معاملات کے لیے آسان ہویا پھر مستقبل میں ثبوت پیش کرنے کے لیے لکھا ہوا سرٹیفکیٹ مل جائے ۔

تواس بنا پر آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ آپ کلمہ شھادت پڑھیں اوردین اسلام کے شعار پر عمل شروع کردیں مثلا نماز وغیرہ اوراللہ تعالی کے وہ احکامات جواس نے مسلمانوں پرواجب کیے ہیں اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے اس کی اطاعت کریں ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ پراپنی نعمت کو مکمل کرے اورآپ کوصراط مستقیم کی ھدایت دے کر اس پر ثابت قدم بھی رکھے ، آمین ۔

واللہ اعلم .